سوال

(38) کیاحقے کا پانی پاک ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حقے کا پانی پاک ہے یا ناپاک؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حقے کا پانی بے شک نجس ہے، دلیل اس کی یہ ہے کہ جاری پانی میں اگر نشے کی چیز یا مردار مل کر اس کے اوصاف کو تغیر کردے تو وہ نجس ہوجاتا ہے، کذافی فتاویٰ عالمگیري: "وإذا اَلقی فی الماء الجاري شیئ نجس کالجیفة والخمر، لاینجس، مالم یتغیر لونہ اَوطعمہ اَوریحہ "[1][اگر چلتے پانی میں مردار اور شراب جیسی کوئی ناپاک شے پھینک دی جائے تو وہ (پانی) ناپاک نہیں ہوتا، جب تک اس کا رنگ یا ذائقہ یا بو نہ بدل جائے]

پس یہ دونوں بات تمباکو میں موجود ہیں: نشہ اور مردار۔ نشہ یہ کہ اگر غیر عادی شخص خوب کڑا تمباکو کھائے یاپیے فوراً چکر کھا کر گر پڑے گا۔ مردار یہ کہ کھیت میں سیکڑوں حرام جانور مرتے ہیں اور اس کا کچھ احتیاط نہیں کیا جاتا ہے، خصوصاً مکھی وچیونٹی وغیرہ گر کر مرجاتے ہیں اور تمباکو میں کوٹے جاتے ہیں، یہ سب چیزیں مل کر پانی کے اوصاف کو تبدیل کرتے ہیں کہ اگر حلال کھانے میں پڑے تو اس کو بدبودار کرکے حرام کردے۔ کذافی عالمگیری: "والطعام إذا تغیروا [واشتد] تنجس"[2][کھانا جب زیادہ بدل جائے تو وہ ناپاک ہوجاتا ہے]

کتبہ: تصدق حسین۔ عفی عنہ

حقے کے پانی کے ناپاک ہونے پر کوئی دلیل نہیں ہے اور یہ استدلال کہ پانی میں اگر مردار یا نشے کی چیز مل کر اس کے اوصاف کو تغیر کردے تو وہ پانی نجس ہوجاتا ہے اور تمباکو میں دونوں باتیں موجود ہیں، یہ اس صورت میں صحیح ہوگا کہ جب مستدل یہ چند امور ثابت کرلے:

اولاً: ہر مری ہوئی اور نشے والی چیز نجس ہے۔

ثانیاً: نجس چیز کا دھواں بھی نجس ہوتا ہے۔

ثالثاً: اس دھوئیں کے ملاقی ہونے سے وہ پانی بھی ناپاک ہوجاتا ہے، ودونہ خرط القتاد۔ [اور اس میں سخت دشواری ہے]

حالانکہ مستدل نے ان باتوں میں سے کسی کو ثابت نہیں کیا۔ بالفرض اگر یہ بھی مان لیا جائے کہ ہر مری ہوئی اور نشے والی چیز نجس ہے تو اس سے بھی غایۃ ما فی الباب صرف تمبا کو کی نجاست ثابت ہوگی، نہ اس کے دھوئیں کی اور ظاہر ہے کہ پانی کے اندر تمبا کو کا دھواں جاتا ہے، نہ کہ نفس تمبا کو۔ پس اس سے تمبا کو کی نجاست کیونکر ثابت ہوگی؟ اور اگر نجس چیز کے دھوئیں کے ملنے سے چیز نجس ہو جاتی ہے تو نجاست سے احتراز عسیر ہو جائے گا، کیونکہ ایسے دھوئیں سے احتراز متعسر ہے۔ مانا کہ خود اوپلے وغیرہ سے کچھ نہ پکائے، لیکن دوسروں کو کیونکر روک سکتا ہے اور جب دوسروں کو روک نہیں سکتا تو ایسے دھوئیں سے آپ کیونکر بچ سکتا ہے؟ الحاصل اس دعوے پر کہ ''حقے کا پانی نجس ہے۔'' مستدل نے جو دلیل دی ہے، اس سے اس دعوے کا ثبوت نہیں ہوتا۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری]

کتاب الصلاۃ، صفحہ: 99

محدث فتویٰ

---

[1] فتاویٰ عالمگیری (الفتاویٰ الهندية: ۱/۱۷)

[2] الفتاویٰ الهندية (۵/۳۳۹)